مشرقی پاکستان کے احباب سے | میرے خیال میں الحق کا چرچا مشرقی پاکستان میں بہت کم ہے۔ میری انتہائی خواہش ہے کہ اس جیسا دعوت حق کا علمبردار علمی اور تحقیقی مضامین پر مشتمل رسالہ سے یہ خطہ محروم نہ رہے۔ اس لئے جامعہ کے طلباء اور "مجلس اساتذہ" میں اس کا خوب چرچا کیا۔ مجلس اساتذہ نے الحق کی خدمات کو بہت سراہا اور مسرت ظاہر کی۔ مدیر جامعہ حضرت شیخ مولانا شمس الحق فریدپوری نے جامعہ کی جمعیۃ طلباء کو خریدار بننے کا مشورہ دیا۔

(مولانا عبدالحکیم سلہٹی استاذ جامعہ قرآنیہ لالباغ۔ ڈھاکہ)

ادارہ الحق مولانا موصوف کے مخلصانہ تعاون اور توجہات پر بخلوص شکریہ ادا کرتے ہوئے مشرقی پاکستان کے مخلص قارئین اہل علم سے الحق کی اشاعت اور تعارف کرانے کی اپیل کرتا ہے۔۔۔۔ (ادارہ)

اجازت | رسالہ الحق پیام ملت کانپور کے تبادلہ میں بحمدہ برابر موصول ہو رہا ہے جو بفضلہ اسم بامسمیٰ ہے ہماری تمنا ہے کہ الحق کے بعض مضامین جو یہاں کے لئے مفید معلوم ہوں۔ پیام ملت اسکی اشاعت کے لئے مجاز بنایا جائے۔

(مینجر پندرہ روزہ پیام ملت کانپور انڈیا)

ادارہ الحق کے حوالہ سے اپنے مضامین کی اشاعت کی بخوشی اجازت دیتا ہے۔

(ادارہ)

دعائے صحت | اماں جی کی طبیعت بے حد خراب ہے کینسر کا زخم سارے منہ حلق اور گلے تک آگیا ہے ہر وقت زخم میں ٹیس ہوتی ہے۔ دعا خیر سے یاد فرمادیں۔

(سید ازہر شاہ قیصر مدیر "دارالعلوم" دیوبند)

قارئین الحق سے حضرت محدث عصر مولانا انور شاہ کشمیری کی رفیقہ محترمہ کی صحت وعافیت تامہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

جبری بندش | المنبر، مارچ ۱۹۶۷ء سے جبری تعطل کا شکار ہے۔ خلوص دل سے دعا فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ خدمت دین اور اعلاء کلمۃ اللہ کے اس ذریعہ کو باقی رکھے، اور ہمیں اخلاص کے ساتھ حمایت حق کی توفیق عطا فرمادے۔ ہمارا سب سے بڑا ہتھیار اللہ تعالیٰ مالک الملک کے حضور میں دعا کرنا ہے۔ اور آپ سے بھی اسی کی استدعا ہے۔

(مولانا عبدالرحیم اشرف۔ لائلپور)

ادارہ الحق تمام قارئین کو اس دعا میں شریک کرتا ہے۔ خداوند کریم جلد از جلد آزمائش کی ان گھڑیوں کو استقامت وعزیمت کیساتھ ختم کرکے المنبر کو دوبارہ حمایت حق و اعلاء کلمۃ اللہ کی توفیق دے۔ مولانا جوہر مرحوم کا شعر ہے

خوگر جور پہ تھوڑی سی جفا اور سہی
اس قدر ظلم پہ موقوف ہے کیا اور سہی